© rasailojaraid.com



خادم حسین

# زبان میری ہے بات ان کی

○ ڈاکو محب شیدی نے طالب المولیٰ کے ملازم سمیت چار افراد کو قتل کر دیا۔ (ایک خبر)
حج، شادی اور توبہ کے بعد کا ناشتہ!

○ ایڈمرل سروہی کی شیخ زید بن سلطان النہیان سے ملاقات۔ (ایک خبر)
پاکستان میں ایک محل اور تعمیر ہونے والا ہے۔

○ سندھ کے مسجد سکولوں میں ہندو اساتذہ۔ (ایک خبر)
کعبے کا متولی لالہ پنڈمی داس!

○ باب پاکستان کی تقریب کے ۵۰ ہزار مہمانوں کا خرچہ پنجاب حکومت برداشت کرے گی۔ (ایک خبر)
ملازمین کی ماہ جون کی اضافی تنخواہ اسی لئے کاٹی گئی تھی؟

○ جھنگ میں سپاہ صحابہ کے امیدوار اسمبلی میاں اقبال حسین کو ہلاک کر دیا گیا۔ (ایک خبر)
سچ کی راہوں میں جو مر گئے ہیں          فاصلے مختصر کر گئے ہیں۔

○ ربوہ سے قادیانی بھارتی جاسوس پکڑا گیا۔ (ایک خبر)
محمد عربی کے غدار۔ پاکستان کے خیر خواہ کیسے ہو سکتے ہیں؟

○ پاکستان اولیائے کرام کی دعاؤں سے قیامت تک قائم رہے گا۔ (وائیں)
اور مشرقی پاکستان--------؟

○ ایک فیصد طبقہ ۹۹ فیصد عوام کا استحصال کر رہا ہے۔ استحصالی ٹولے میں پولیس، سرمایہ دار، جاگیردار اور وڈیرے شامل ہیں۔ (قاضی حسین احمد)
سگ و سگ زادگان۔ کرسی بہ کرسی!

○ تحریک پاکستان کے ۶۹ کارکنوں کو گولڈ میڈل دیئے جائیں گے۔ (ایک خبر)
حالات کے لکلے پہ لپٹتا ہی چلا جاؤں          سانسوں کا تسلسل بھی مجھے سوت نظر آئے
ملتا ہے یہاں تمغہ یہنائی اسی کو!          لکیر پہ بھی جس شخص کو شہتوت نظر آئے

○ سرحدوں کا محافظ اپنی بیٹی کو اغواہ ہونے سے نہ بچا سکا۔ ملزمان بااثر اور پیسے والے ہیں۔ جعلی نکاح نامہ بنوا کر مقدمہ خارج کروا دیا پولیس ملزمان سے ٹک مکا کر چکی ہے۔ (مہدی خان۔ ریٹائرڈ فوجی تحصیل کھاریاں)
اونچی حویلی والے زمیندار، گاؤں کے راجے ہیں۔ چڑیا کے بچے سے لیکر انسان کے بچے تک کا شکار کرنا ان کا مشغلہ ہے۔

○ عارف والہ پولیس نے جعلی چھرا گروپ گرفتار کر لیا۔ (ایک خبر)
اس نے پولیس سے باقاعدہ اجازت نہیں لی ہوگی!

○ روس میں انقلاب، لینن، سٹالن اور کے جی بی کے سربراہ کے مجسمے توڑ دیئے گئے۔
ستر سالہ کمیونزم کا دھڑن تختہ

○ بائیں بازو کی حامی جماعتوں (ترقی پسندوں) کا متحدہ جمہوری پارٹی کے قیام پر اتفاق۔ (عابد حسن منٹو)

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



"ٹھنڈا گوشت، کالی شلوار، خالی ڈبے خالی بوتلیں اکٹھی ہو گئیں۔

O ضلع کچہری پشاور میں مجسٹریٹوں اور وکلاء کے درمیان گالی گلوچ اور ہاتھا پائی۔ "مجسٹریٹ بدعنوانی میں ملوث ہیں"۔ زیادہ تر ریٹائرنگ روم میں بیٹھ کر ایجنٹوں کے ذریعے دولت سمیٹتے ہیں۔ (پشاور بار ایسوسی ایشن)

کن مردہ ضمیروں کا حالات پہ ہے قبضہ  ملتا ہے مریضوں کو اعزاز مسیحائی!

O میری آرزو ہے کہ میری بیٹی ایک بار پھر گلوکاری شروع کر دے (والد ناہید اختر)

ڈب کے مرجا۔ فٹے منہ تیرا۔ دا بڑ دتے!

O پولیس ابھی تک سانحہ اسلام پورہ کے ملزم گرفتار نہیں کر سکی۔ (ایس ایس پی لاہور)

O پولیس کمک منگا کر لیتی ہے۔ (وائیں)

آپ ہی اپنی اداؤں پہ ذرا غور کریں!

O واپڈا کو بھی شعبے کے حوالے کرنے کا فیصلہ۔ (ایک خبر)

اس طرح حرام خوران ملت تو مر جائیں گے۔

O میں پاکستان کی فقیر ہوں۔ جہاں گئی خالی ہاتھ نہ لوٹی۔ (بے نظیر)

باپ صوفی، بیٹی فقیرنی، ایں خانہ ہمہ آفتاب است۔

O قوم نو کھرب روپے کی مقروض ہو چکی ہے۔ (نواز شریف)

پھر "باب پاکستان" جیسی چیزوں پر کروڑوں روپے کے زیاں کا جواز؟

O طالبات کی قابل اعتراض تصاویر اتارنے کے الزام میں انجینئرنگ یونیورسٹی کا پروفیسر گرفتار۔ (ایک خبر)

شرم تم کو مگر نہیں آتی۔

O اسلام آباد میں ہم نے جو کچھ کیا وہ محض ایک نمونہ تھا۔ (ساجد نقوی)

مسند اقتدار پر بیٹھے ہوئے لیگی کبوترو! آنکھیں کھولو۔

O ہمیں ان پڑوسیوں کے ساتھ چلنا چاہیئے جن کے ساتھ ثقافتی اور مذہبی رشتے ہیں۔ (جنرل اسلم بیگ)

بیگ صاحب! ایران کے ساتھ مسلمانوں کا ثقافتی رشتہ ہے نہ مذہبی تعلق۔

O اردو بل منظور کیا جائے۔ (وزیر اعظم کی تقریر کے دوران نعرہ بازی)

ایچیسن کالج، پبلک اور انگلش میڈیم سکولوں کے لاڈلے، یہ وبے کیسے برداشت کریں گے۔

O مولانا کوثر نیازی کی صدر اسحاق سے ملاقات۔ (ایک خبر)

کہاں شاہ عالمی مسجد کی خطابت اور کہاں مردار دنیا کی وزارت۔ لعنت بر پدر فرنگ!

O وہ پاکستان میں اسلام اور واشنگٹن میں یہودیوں کی بات کرتی ہیں۔ (جام صادق)

منہ پاکستانی تے پچھا امریکی۔ واہ واہ لہراں تیریاں

O غیر اسلامی اور خلاف قانون تقریب؟ پشاور کے تھانے دار نے گلوکار غلام علی کو گانے سے روک کر واپس جانے پر مجبور کر دیا۔ (ایک خبر)

ٹی وی، ریڈیو اور اخبارات میں فحاشی کا ذمہ دار مشیر برائے اطلاعات زیادہ پکا مسلمان ہے یا پشاور کا تھانے دار؟

© rasailojaraid.com